© rasailojaraid.com

دورِ حاضر کے فتنے اور ان کا علاج، مرتب مولانا محمد انور بدخشانی، ناشر، مکتبہ بینات، جامع علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوریؒ ٹاؤن، کراچی، صفحات: ۱۶۷، قیمت: درج نہیں۔

یہ کتاب دور حاضر کے فتنے، ان کی منفی اثرات اوران سے بچاؤ کی تدابیر کے لئے ملکی وملی حالات کی مناسبت سے ماہنامہ بینات، میں لکھے گئے حضرت بنوریؒ کے مضامین ومقالات کا مجموعہ ہے جسے جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوریؒ ٹاؤن کے استاذ حدیث مولانا محمد انور بدخشانی صاحب نے مرتب کیا ہے۔ حرف ''آغاز'' میں سید سلیمان یوسف بنوریؒ صاحب لکھتے ہیں:

''یہ مضامین بنیادی طور پر جامعہ علوم اسلامیہ سے شائع ہونے والے جرید، ''ماہنامہ بینات'' کے لیے ملکی وملی حالات کی مناسبت سے مختلف موقعوں پر لکھے گئے تھے، جن کی تازگی اور نکھار آج بھی جوں کا توں برقرار ہے اور ہر مسلمان کو فکر وعمل کی دعوت دے رہا ہیں، استاذ محترم حضرت مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار رحمۃ اللہ نے حضرت والد ماجدؒ کی وفات کے بعد ان کے بینات کے اداریے کے لیے لکھے گئے تمام مضامین کو 'بصائر وعبر'' کے عنوان سے دو ضخیم جلدوں میں جمع کر کے شائع کیا، بعد میں استاذ محترم حضرت مولانا محمد انور بدخشانی صاحب مدظلہ نے ''بصائر وعبر'' میں فتنوں سے متعلق ان تمام مضامین کو یکجا کر کے ''دور حاضر کے فتنے اور ان کے علاج'' کے نام سے طبع کر دیا، جسے ملک وبیرون ملک ہاتھوں ہاتھ لیا گیا، اب مجموعہ مکتبہ بینات شائع کر رہا ہے۔''

فتنوں سے آگاہی اور اس دور کے مختلف فتنوں کی نشاندہی، ان کی روک تھام کے لیے تدابیر اور طریقے جو حضرت بنوریؒ نور اللہ مرقدہ نے اپنی دینی بصیرت، علمی فہم وفراست اور تجربات ومشاہدات کی روشنی میں اپنی تحریروں میں بیان فرمائے ہیں، عوام، طلبہ، اہل علم ہر ایک کو ان کا مطالعہ کرنا چاہیے، امت کے ایمان کی حفاظت اور اعمال کی اصلاح کے لیے حضرت کی یہ تحریریں نہایت مفید اور کارگر ثابت ہوں گی۔

کتاب کی فہرست میں عنوانات اور ''خطرناک ترین فتنہ'' اور اس دور کے فتنے مکرر لکھے گئے ہیں، آئندہ ایڈیشن میں ان کی اصلاح کر لی جائے، کتاب کی طباعت واشاعت میں سلیقہ شعاری سے کام لیا گیا ہے۔

☆☆☆

حضرت ابوالسفیانؓ اور ان کی اہلیہؓ، تالیف مولانا محمد نافع صاحب، ناشر، دار الکتاب کتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور، صفحات: ۱۴۴، قیمت: ۱۲۰ روپے

حضرت مولانا محمد نافع صاحب دامت برکاتہم العالیہ (محمدی شریف، ضلع جھنگ، پنجاب) کا شمار اس دور کے بلند پایہ محققین میں سے ہوتا ہے، دفاع صحابہؓ سے متعلق دور حاضر میں جوانہوں نے علمی فریضہ سرانجام دیا اس کی نظیر ملنا مشکل

© rasailojaraid.com